فوری ریلیز کے لیے: 12/8/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کی جانب سے ریاست بھر میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے 'ریڈ فلیگ' قانون کے استعمال میں بڑے اضافے کا اعلان ، نیویارک کے مکینوں کو ایسے افراد کی جانب سے بندوق کے تشدد سے محفوظ رکھنا جو خود اپنے لیے یا دوسروں کو خطرہ لاحق ہونے کا سبب بنتے ہیں

ریڈ فلیگ درخواستیں پچھلے تین ماہ میں پورے سنہ 2021 کے مقابلے میں نمایاں حد تک زیادہ تعداد میں دائر کی گئیں

ریاستی پولیس نے 93 فیصد سے زائد اضافے کی اطلاع دی ہے، سافک کاؤنٹی شیرف کے دفتر نے ریڈ فلیگ درخواستوں میں 75 فیصد سے زائد اضافے کی اطلاع دی ہے

پیش رفت گورنر Hochul کے انتظامی حکم کے نفاذ اور ریڈ فلیگ قانون کے نفاذ کے متقاضی نئی قانون سازی کی منظوری کے بعد ہوئی ہے

ریاست بندوق سے حفاظت کے لیے Everytown کے ساتھ شراکت داری میں ریڈ فلیگ قانون کی نئی تربیت کی پیشکش کرے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک کے ریڈ فلیگ قانون کے تحت انتہائی خطرے میں تحفظ کے احکامات کے لیے درخواستوں میں بڑے اضافے کا اعلان کیا ہے – پورے سنہ 2021 کے مقابلے پچھلے تین مہینوں میں نمایاں طور پر زیادہ ERPOs دائر کی گئی ہیں۔ اضافہ اس وقت ہوا ہے جب گورنر Hochul نے، ایک ایسا انتظامی حکم جاری کرتے ہوئے بفلو میں بڑے پیمانے پر قتلِ عام کے تناظر میں فیصلہ کن کارروائی کی، جس میں ریاستی پولیس کو ریڈ فلیگ قانون کے استعمال کو بڑھانا اور مقننہ کے ساتھ مل کر ایک نیا قانون پاس کروانا درکار ہے جو نیویارک میں تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں سے ان ممکنہ طور پر جان بچانے والے احکامات کے استعمال میں اضافے کا تقاضہ کرتا ہے۔ گورنر Hochul نے یہ اعلان سافک کاؤنٹی میں کیا جہاں کاؤنٹی شیرف کا دفتر پچھلے تین ماہ کے دوران ریڈ فلیگ قانون کے استعمال میں 75 فیصد سے زائد اضافے کی اطلاع دے رہا ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، " نیویارک کے مکینوں کو محفوظ رکھنا بطور گورنر میری اولین ترجیح ہے۔ میرے آبائی شہر بفلو میں ہونے والی خوفناک فائرنگ کے تناظر میں، ہم نے اپنی گلیوں سے غیر قانونی بندوقوں کو ہٹانے اور ایسے افراد سے انہیں واپس لے لینے کے لیے فوری اور فیصلہ کن کارروائی کی جو خود کو یا دوسروں کو نقصان پہنچانے کے لیے انہیں استعمال کریں گے۔ اب، ہمیں اپنی کوششیں کارگر ہوتی ہوئی نظر آ رہی ہیں، قانون نافذ کرنے والے اداروں میں ہمارے اُن شراکت داروں کی بہادرانہ کوششوں کے صدقے جو عوامی تحفظ کو بچانے اور بندوق سے تشدد کرنے کی لعنت کو ختم کرنے کی جنگ کا ہراول دستہ ہیں۔"

18 مئی کو، بفلو میں ہونے والی فائرنگ کے چار روز بعد، گورنر Hochul نے ایک انتظامی حکم جاری کیا جس میں ریاستی پولیس کو ہدایت کی گئی کہ جب کوئی ممکنہ وجہ ہو کہ کوئی اپنے لیے یا دوسروں کے لیے خطرہ بنا ہے تو وہ ایک ERPO کے لیے درخواست دیں۔ 6 جولائی کو، گورنر کی جانب سے دستخط کردہ ایک نئے ریاستی قانون

کا اطلاق ہوا تھا، جس نے اس حکم کو تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی اٹارنیوں تک وسیع کر دیا۔ قانون نے ایسے لوگوں کی فہرست میں بھی اضافہ کیا جو احکامات فائل کر سکتے ہیں۔

اگست 2019 سے اپریل 2022 تک جاری کردہ 1,424 کے مقابلے میں، ریاست نیویارک میں گزشتہ تین ماہ (مئی تا اگست 2022) میں کُل 832 عارضی اور حتمی ERPO جاری کیے گئے ہیں۔

18 مئی 2022 کو گورنر Hochul کے انتظامی حکم 19 پر دستخط کرنے کے بعد سے ریاستی پولیس نے 184 ریڈ فلیگ درخواستیں دائر کی ہیں، جو کہ سنہ 2021 میں ریاستی پولیس کی طرف سے دائر کردہ 95 احکامات کے مقابلے میں 93 فیصد سے زیادہ ہیں۔ اگست 2019 میں ریڈ فلیگ قانون نافذ ہونے کے بعد سے سافک کاؤنٹی ERPOs کو استعمال کرنے میں سب سے آگے رہی ہے۔ 16 مئی کے ہفتے سے، سافک کاؤنٹی کے شیرف کے دفتر نے 114 حفاظتی احکامات جاری کیے ہیں، جو کہ پورے سنہ 2021 کے مقابلے میں 75 فیصد زیادہ ہیں۔

ریاستی پولیس سپرنٹنڈنٹ Kevin P. Bruen نے کہا، "ہم بندوق سے تشدد کو کم کرنے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں اور ہم اپنے ارکان کو اس مشن کو پورا کرنے کے لیے ضروری وسائل فراہم کرنے میں گورنر کے تعاون کو سراہتے ہیں۔ ریڈ فلیگ قانون، قانون نافذ کرنے والے اداروں، خاندان کے افراد، سکولوں کے منتظمین، اساتذہ اور دماغی صحت کے پیشہ ور ماہرین کو پُرتشدد واقعہ پیش آنے سے پہلے اقدامات کرنے اور اسے روکنے کی صلاحیت فراہم کرتا ہے۔ ریاستی پولیس عوام کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ وہ اپنے سکولوں یا علاقوں میں مشکوک سرگرمیوں پر نظر رکھیں۔ متعلقہ معلومات کی اطلاع دے کر، ہم سب سانحات کو رونما ہونے سے روکنے میں ہاتھ بٹا سکتے ہیں۔"

گورنر Hochul یہ بھی اعلان کر رہی ہیں کہ ریاستِ نیویارک کی ڈویژن برائے فوجداری انصاف خدمات (NYS Division of Criminal Justice Services) اور ایوری ٹاؤن فار گن سیفٹی (Everytown for Gun Safety) کے درمیان شراکت داری کے تحت، ریاست قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے "انتہائی خطرے میں تحفظ کے احکامات - قانون کے نفاذ کے لیے جائزہ" کے عنوان سے ایک مفت تربیتی ویبینار پیش کر رہی ہے۔ یہ تربیت، جس کی پیشکش نیویارک میں تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو کی گئی ہے، اس کا انعقاد 24 اگست کو ہو گا، اور اس میں انتہائی خطرے والے رویے کی نشاندہی کرنے، ERPO فائل کرنے، اس پر عمل درآمد کرنے اور اس کی توسیع کرنے کے طریقوں کا احاطہ کیا جائے گا۔

ڈویژن آف کریمنل جسٹس سروسز کی کمشنر Rossana Rosado نے کہا، "اکثر بڑے پیمانے پر فائرنگ کے بعد، ہم 'سرخ جھنڈوں'، پریشان کن یا دھمکی آمیز طرزِعمل کے نمونوں کے بارے میں سیکھتے ہیں جن کی طرف کسی کا دھیان نہیں جاتا، انہیں برخاست کر دیا جاتا ہے یا بصورت دیگر سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا۔ میں انتہائی خطرے میں تحفظ کے حکم کے قانون کو مضبوط بنانے کے لیے گورنر Hochul کے اقدامات کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں اور میری ایجنسی کو اپنے علاقوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ان احکامات کو 'اپنے ٹول باکس میں ایک اور آلے' کے طور پر استعمال کرنے میں مدد کرنے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو تربیت فراہم کرنے میں ایوری ٹاؤن کے ساتھ شراکت داری پر فخر ہے"۔

سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Steve Bellone نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت کے صدقے، نیویارک سمجھداری سے بندوق پر قابو پانے میں سب سے آگے ہے۔ سنہ 2019 میں جب سے ریاست نے ریڈ فلیگ قانون نافذ کیا ہے، یہاں سافک میں ہمیں انتہائی خطرے میں حفاظتی احکامات (Extreme Risk Protection Orders) کو استعمال کرنے میں سب سے آگے ہونے پر فخر ہے۔ ہم اپنے علاقوں کی حفاظت کے لیے فیصلہ کن کارروائی کرتے رہیں گے، اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہمارے رہائشی محفوظ رہیں، اور آتشیں اسلحے کو ایسے لوگوں کے ہاتھ لگنے سے دور رکھیں گے جو خود یا دوسروں کے لیے خطرہ ہو سکتے ہیں۔"

سافک کاؤنٹی کے پولیس کمشنر Rodney K. Harrison نے کہا، "سافک کاؤنٹی نے ریڈ فلیگ قانون کو استعمال کرنے میں ریاست کی قیادت کی ہے تاکہ آتشیں اسلحے کو ایسے افراد کے ہاتھوں سے دور رکھا جا سکے جنہیں عدالتوں نے اپنے یا دوسروں کے لیے خطرہ قرار دیا ہے اور سافک کاؤنٹی کا محکمۂ پولیس اس کام کو جاری رکھنے

کے لیے پُرعزم ہے۔ میں اس معاملے پر گورنر Hochul کی قیادت کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں کہ وہ بلدیات کو ایسے ذرائع فراہم کر رہی ہیں جو ہمارے رہائشیوں، اور اہم بات یہ ہے کہ سکول کے بچوں اور مقامی کاروباری اداروں کے سرپرستوں کو محفوظ رکھنے کے لیے درکار ہیں"۔

سافک کے شیرفErrol D. Toulon, Jr. نے کہا، "سافک کاؤنٹی پوری ریاست میں ERPOs میں سب سے آگے ہے اور ہمارے ڈپٹی شیرف کے ساتھ اپنے پیاروں، دوستوں اور پڑوسیوں کو شکار بننے سے روکنے کی کوشش میں اگلی صف میں ہے۔ ہم قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ سافک کے مزید بہتر ماڈل کے لیے کام جاری رکھنے کے لیے تیار کھڑے ہیں جس کا مقصد سانحات کو روکنا اور ہمارے علاقوں کو محفوظ رکھنا ہے۔ ریاست بھر میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خواتین و حضرات روزانہ جو سخت اور اہم کام کر رہے ہیں اس کا اعتراف کرنے کے لیے میں گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں"۔

ایوری ٹاؤن فار گن سیفٹی کی سینئر ڈائریکٹر آف سٹیٹ برائے سرکاری امور Monisha Henley نے کہا، "ریڈ فلیگ قوانین بندوق سے حفاظت کی ایک بنیادی پالیسی ہے جو بندوقوں کو بحران کے شکار افراد کے ہاتھ میں جانے سے دور رکھتی ہے، اپنے پیاروں اور خاندان کو محفوظ رکھتی ہے، اور ریاست نیویارک میں علاقوں کی حفاظت کرتی ہے۔ ہم مسلسل شراکت داری کے لیے گورنر Hochul کے شکر گزار ہیں، اور ہم ان قوانین کو مؤثر طریقے سے لاگو کرنے کو یقینی بنانے کے لیے ریاست کی جاری کوششوں کی معاونت جاری رکھنے کے منتظر ہیں"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں